No. of Printed Pages : 4

OULE-002

DIPLOMA IN URDU LANGUAGE (DUL)

Term-End Examination

00601

December , 2017

OULE-002 : CONTENTEMPORARY URDU FICTION

Time : 2 hours *Maximum Marks : 50*

نوٹ:۔ سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

1۔ اُردو کے افسانوی ادب پر ایک مضمون لکھیے۔ 10

یا

اُردو داستان نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

2۔ افسانے کے فن پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے اس کی مختصر تاریخ بیان کیجیے۔ 10

یا

اُردو ڈرامے کے ارتقاء کا جائزہ پیش کیجیے۔

3۔ راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 10

یا

قرۃالعین حیدر کے فن پر ایک تنقیدی مضمون لکھیے۔

4۔ عصمت چغتائی کے افسانے ''چوتھی کا جوڑا'' کی کہانی اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ 10

یا

مرزا ہادی رسوا کی ناول نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

5۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے بعد پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے: 10

''میں نے ریاست کے کاغذات دیکھے تو پتہ چلا کہ مجموعی طور پر آپ کو پچاس ہزار روپئے سے زیادہ آمدنی کبھی نہ ہوئی۔ آپ کی بازاریں، جن مین جانوروں کی بازاریں بھی

شامل ہیں، کبھی دس ہزار سے زیادہ میں نیلام نہ ہوئیں۔ صرف اس سال میں نے نگرانی کی ہے تو کوئی تیس ہزار کا اضافہ ہوا ہے۔ ابھی یہ میرے منصوبے کا صرف ایک حصّہ۔ میرا خیال ہے کہ میں سبیروں پر محنت کروں گا تو اور اضافہ کر سکوں گا۔

"صاحب زادے، یہ تیس ہزار کا اضافہ منافع نہیں ہے۔ میرے پاس ریاست ہے، بنیے کی دوکان نہیں ہے اور ریاست کی آمدنی فصل پر آتی ہے، بازار کے اُتار چڑھاؤ پر نہیں۔ خیر اس قصّے کو تو ماریے گولی، اپنا منصوبہ بتلائیے۔"

اور جمّی کا بند ٹوٹ گیا، وہ پہاڑی ندی کی طرح اُبلنے لگا۔"

(i) مندرجہ بالا اقتباس کس ناول سے لیا گیا ہے؟

(ii) جمّی اور بڑے سرکار، کے درمیان کیا رشتہ ہے؟

(iii) "جمّی ریاست کے انتظام میں تبدیلیاں کیوں چاہتا ہے؟

(iv) باپ اور بیٹے کا یہ مکالمہ کس زمانے کا ہے؟

(v) بڑے سرکار اور جمّی کے درمیان ٹکراؤ کی وجہ کیا ہے ؟